سوال

شراب کی آمیزش والی ادویات

جواب

السلام عليكم ورحمة الله وبركاته

جن ادویات میں شراب کی آمیزش ہو اس کا استعمال جائز ہے یا نہیں۔؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة الله وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

جس دوامیں شراب ہو اس کا استعمال جائز نہیں۔ نہ دوا کے طور پر نہ غذا کے طور پر کیونکہ مسلم میں حدیث ہے کہ طارق بن سوید رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے شراب کی بابت سوال کیا۔ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو منع فرمایا۔اس نے کہا: یارسول اللہ! میں صرف دوا کے لیے بناتا ہوں آپ نے فرمایا: وہ دوا نہیں بلکہ داء (بیماری) ہے۔ (مشکوۃ باب الخمر ووعید شاربہا فصل اول ص309)

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ اہلحدیث

کتاب الطہارت، پانی کا بیان، ج1ص238